# سُوۡرَةُ الۡمَعَارِج مَكِّيَّة

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

| | |
|---|---|
| سَالَ سَآئِلٌ | مانگا ہے ایک مانگنے والے نے |
| بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ ۙ﴿۱﴾ | وہ عذاب جو ضرور واقع ہونے والا ہے ﴿۱﴾ |
| لِّلۡكٰفِرِيۡنَ لَيۡسَ لَهٗ دَافِعٌ ۙ﴿۲﴾ | کافروں کے لیے، نہیں ہے اس عذاب کو کوئی ہٹانے والا ﴿۲﴾ |
| مِّنَ اللّٰهِ ذِى الۡمَعَارِجِ ؕ﴿۳﴾ | (کیونکہ ہوگا وہ) اللہ کی طرف سے جو مالک ہے عروج کے زینوں کا ﴿۳﴾ |
| تَعۡرُجُ الۡمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوۡحُ | چڑھ کر جاتے ہیں فرشتے اور روح |
| اِلَيۡهِ فِىۡ يَوۡمٍ | اس کے حضور، ایک ایسے دن میں |
| كَانَ مِقۡدَارُهٗ خَمۡسِيۡنَ اَلۡفَ سَنَةٍ ۚ﴿۴﴾ | ہے جس کی مقدار پچاس ہزار سال ﴿۴﴾ |
| فَاصۡبِرۡ صَبۡرًا جَمِيۡلًا ﴿۵﴾ | پس (اے نبیؐ) صبر کرو۔ اچھا صبر ﴿۵﴾ |
| اِنَّهُمۡ يَرَوۡنَهٗ بَعِيۡدًا ۙ﴿۶﴾ | بے شک یہ سمجھتے ہیں اسے دور ﴿۶﴾ |
| وَّنَرٰٮهُ قَرِيۡبًا ؕ﴿۷﴾ | اور دیکھ رہے ہیں ہم اسے قریب ﴿۷﴾ |
| يَوۡمَ تَكُوۡنُ | (یہ عذاب واقع ہوگا) اس دن جب ہو جائے گا |
| السَّمَآءُ كَالۡمُهۡلِ ۙ﴿۸﴾ | آسمان تیل کی تلچھٹ کی مانند ﴿۸﴾ |
| وَتَكُوۡنُ الۡجِبَالُ كَالۡعِهۡنِ ۙ﴿۹﴾ | اور ہو جائیں گے پہاڑ رنگ برنگ کے دھنکے ہوئے اون کی مانند ﴿۹﴾ |
| وَلَا يَسۡئَلُ حَمِيۡمٌ حَمِيۡمًا ۚ﴿۱۰﴾ | اور نہ پوچھے گا کوئی جگری دوست اپنے جگری دوست کو ﴿۱۰﴾ |

| | |
|---|---|
| يُبَصَّرُوْنَهُمْ ؕ | حالانکہ وہ ایک دوسرے کو دکھائے جائیں گے ۔ |
| يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِيْ | خواہش کرے گا مجرم کاش ! وہ فدیے میں دے دے ⑪ |
| مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍۭ بِبَنِيْهِ ۙ⑪ | اس دن کے عذاب سے بچنے کے لیے اپنی اولاد کو |
| وَصَاحِبَتِهٖ وَاَخِيْهِ ۙ⑫ | اپنی بیوی کو اور اپنے بھائی کو ⑫ |
| وَفَصِيْلَتِهِ الَّتِيْ تُـْٔوِيْهِ ۙ⑬ | اور اپنے قریب ترین خاندان کو جو اسے پناہ دیا کرتا تھا ⑬ |
| وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ | اور ان کو جو زمین میں ہیں سب کو |
| ثُمَّ يُنْجِيْهِ ۙ⑭ | اور اس طرح نجات دلا دے یہ اپنے آپ کو ⑭ |
| كَلَّا ؕ اِنَّهَا لَظٰى ۙ⑮ | ہرگز نہیں ۔ واقعہ یہ ہے کہ وہ تو بھڑکتی ہوئی آگ کی لپٹ ہوگی ⑮ |
| نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰى ۚۖ⑯ | جو چاٹ جائے گی گوشت پوست کو ⑯ |
| تَدْعُوْا مَنْ | جو پکار پکار کر بلائے گی ہر اس شخص کو جس نے |
| اَدْبَرَ وَتَوَلّٰى ۙ⑰ | پیٹھ پھیری اور منہ موڑا (حق سے) ⑰ |
| وَجَمَعَ فَاَوْعٰى ⑱ | اور جمع کیا (مال) اور سینت سینت کر رکھا ⑱ |
| اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوْعًا ۙ⑲ | بلاشبہ انسان پیدا کیا گیا ہے بے صبرا ⑲ |
| اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوْعًا ۙ⑳ | جب پہنچتی ہے اسے تکلیف تو روتا پیٹتا ہے ⑳ |
| وَّاِذَا مَسَّهُ | اور جب نصیب ہوتی ہے اسے |
| الْخَيْرُ مَنُوْعًا ۙ㉑ | خوشحالی تو بخل کرتا ہے ㉑ |
| اِلَّا الْمُصَلِّيْنَ ۙ㉒ | ان خرابیوں سے بچ جاتے ہیں وہ نماز پڑھنے والے ㉒ |
| الَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ دَآئِمُوْنَ ۪ۙ㉓ | جو ہیں اپنی نمازوں کی پابندی کرنے والے ㉓ |
| وَالَّذِيْنَ فِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَّعْلُوْمٌ ۪ۙ㉔ | اور وہ جن کے مالوں میں حصہ مقرر ہے ㉔ |

| | |
|---|---|
| لِلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ۙ﴿٢٥﴾ | سائلوں اور مسکینوں کے لیے ﴿٢٥﴾ |
| وَالَّذِيْنَ يُصَدِّقُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ۙ﴿٢٦﴾ | اور وہ جو برحق مانتے ہیں روزِ جزا کو ﴿٢٦﴾ |
| وَالَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ۚ﴿٢٧﴾ | اور وہ جو اپنے رب کے عذاب سے ڈرتے رہتے ہیں ﴿٢٧﴾ |
| اِنَّ عَذَابَ رَبِّهِمْ | واقعہ یہ ہے کہ ان کے رب کا عذاب ہے ہی ایسا |
| غَيْرُ مَاْمُوْنٍ ﴿٢٨﴾ | کہ اس سے بے خوف نہ ہوا جائے ﴿٢٨﴾ |
| وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۙ﴿٢٩﴾ | اور وہ جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرتے ہیں ﴿٢٩﴾ |
| اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا | سوائے اپنی بیویوں کے یا ان (عورتوں) کے جو |
| مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ | ان کی ملک میں ہوں کہ وہ (ان سے مباشرت کرنے پر) |
| غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۚ﴿٣٠﴾ | قابلِ ملامت نہیں ہیں ﴿٣٠﴾ |
| فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ | البتہ جو شخص چاہے گا اس کے علاوہ کچھ اور |
| فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۚ﴿٣١﴾ | سو ایسے ہی لوگ ہیں حد سے تجاوز کرنے والے ﴿٣١﴾ |
| وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ | اور وہ لوگ جو اپنی امانتوں کا |
| وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۙ﴿٣٢﴾ | اور اپنے عہدوں کا پاس کرتے ہیں ﴿٣٢﴾ |
| وَالَّذِيْنَ هُمْ بِشَهٰدٰتِهِمْ قَآئِمُوْنَ ۙ﴿٣٣﴾ | اور وہ جو اپنی شہادتوں میں ثابت قدم رہتے ہیں ﴿٣٣﴾ |
| وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۗ﴿٣٤﴾ | اور وہ جو اپنی نماز کی حفاظت کرتے ہیں ﴿٣٤﴾ |
| اُولٰٓئِكَ فِيْ جَنّٰتٍ مُّكْرَمُوْنَ ۚ﴿٣٥﴾ | یہ لوگ ہیں جو جنت کے باغوں میں عزت کے ساتھ رہیں گے ﴿٣٥﴾ |
| فَمَالِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا | سو کیا ہو گیا ہے (اے نبیؐ) ان لوگوں کو جو انکار کر رہے ہیں |
| قِبَلَكَ مُهْطِعِيْنَ ۙ﴿٣٦﴾ | کہ تمہاری طرف دوڑے چلے آ رہے ہیں یہ ﴿٣٦﴾ |
| عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ عِزِيْنَ ﴿٣٧﴾ | دائیں اور بائیں جانب سے گروہ در گروہ ﴿٣٧﴾ |

| | |
|---|---|
| اَيَطْمَعُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ | کیا لالچ رکھتا ہے ہر شخص ان میں سے |
| اَنْ يُّدْخَلَ جَنَّةَ نَعِيْمٍ ﴿۳۸﴾ | کہ اسے داخل کر دیا جائے نعمت بھری جنت میں ﴿۳۸﴾ |
| كَلَّا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ | ہرگز نہیں ۔ بے شک ہم ہی نے انہیں پیدا کیا ہے |
| مِّمَّا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ | اس چیز سے جسے یہ خود جانتے ہیں ﴿۳۹﴾ |
| فَلَاۤ اُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشٰرِقِ وَالْمَغٰرِبِ | سو نہیں، قسم کھاتا ہوں میں مشرقوں اور مغربوں کے مالک کی، |
| اِنَّا لَقٰدِرُوْنَ ﴿۴۰﴾ | یقیناً ہم قادر ہیں ﴿۴۰﴾ |
| عَلٰۤى اَنْ نُّبَدِّلَ | اس پر کہ بدل کر لے آئیں |
| خَيْرًا مِّنْهُمْ ۙ وَمَا | بہتر لوگ ان سے اور نہیں |
| نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿۴۱﴾ | ہیں ہم (ایسا کرنے سے) عاجز ﴿۴۱﴾ |
| فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا | سو (اے نبیؐ) چھوڑ دو انہیں کہ غرق رہیں |
| وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا | اور منہمک رہیں اپنے کھیل میں حتّٰی کہ پہنچ جائیں |
| يَوْمَهُمُ الَّذِىْ يُوْعَدُوْنَ ﴿۴۲﴾ | اس دن کو جس سے انہیں ڈرایا جا رہا ہے ﴿۴۲﴾ |
| يَوْمَ يَخْرُجُوْنَ | اس دن جب نکل کر یہ |
| مِنَ الْاَجْدَاثِ سِرَاعًا | قبروں سے تیزی کے ساتھ دوڑے جا رہے ہوں گے |
| كَاَنَّهُمْ اِلٰى نُصُبٍ | اس طرح گویا کہ یہ مقابلہ کے لیے متعین کردہ نشان کی طرف |
| يُّوْفِضُوْنَ ﴿۴۳﴾ | دوڑ رہے ہوں ﴿۴۳﴾ |
| خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ | جھکی ہوئی ہوں گی ان کی نگاہیں |
| تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ | چھا رہی ہو گی ان پر ذلت ۔ |
| ذٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِىْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿۴۴﴾ | یہ ہے وہ دن جس سے انہیں ڈرایا جاتا تھا ﴿۴۴﴾ |